نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کنگی کے کنٹرول کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور،13 فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز کی رپورٹ کے مطابق صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں کاشتہ گندم کی فصل پر کنگی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے جس کی شدت زیادہ تر کم درجہ کی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کی زرد کنگی کے پھیلاؤ کیلئے موزوں درجہ حرارت 10 تا20ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔اس بیماری کا حملہ عام طور پر پتوں پر ہی ہوتا ہے جبکہ انتہائی شدید حملے کی صورت میں سٹے بھی متاثر ہوتے ہیں۔اس کی پہچان یہ ہے کہ پودے کے پتوں پر زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے دھبے متوازی قطاروں میں یالائنوں میں صف بستہ ہوتے ہیں۔وبائی حملے کی صورت میں اس کا نقصان بھوری کنگی سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔شدید حملے کی صورت میں نقصان 20 تا50 فیصد تک ہو سکتا ہے۔بھوری کنگی کے پھیلاؤ کیلئے موزوں ترین درجہ حرارت 20 تا25ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔اس بیماری کا حملہ عام طور پر پودے کے پتوں پر ہوتا ہے جس کی وجہ سے خاکی رنگ کے دھبے لائنوں کی بجائے بے ترتیب اور منتشر ہوتے ہیں۔بڑھوتری کی اگیتی حالت میں حملہ ہونے پر پودے کمزور ہو جاتے ہیں اور پودے کا خوراک بنانے کا عمل متاثر ہوتا ہے۔سٹے کو خوراک دینے والے پتے پر حملہ کی صورت میں پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے۔وبائی صورت اختیار کرنے پر یہ بیماری گندم پر حملے کی صورت میں فی ایکڑ پیداوار میں 30 فیصد تک کمی کا باعث بن سکتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کنگی کے کنٹرول کے لئے کاشتکار گندم کی فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔کنگی سے متاثرہ پتوں کو کاٹنے کے بعد شاپر میں ڈال کر احتیاط سے گڑھا کھود کر زمین میں دبا دیں۔اس کے علاوہ گندم کے کاشتکار فصل کے وقفہ برداشت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے فصل کے حملہ شدہ پتوں پر مناسب پھپھوند کش زرعی ادویات کا سپرے کریں۔

☆☆☆☆